

17

# سب کا پیارا

4331CH17

ایک دن لالو روتے آئے
آنسوؤں سے منہ دھوتے آئے

ابّا نے آکر چُمکارا
کیوں روتے ہو کس نے مارا

بھائی جان نے پوچھا آکر
”آئے مار کہاں سے کھاکر“

دادی گِرتی پڑتی آئیں
لَٹھیا کُھٹ کُھٹ کرتی آئیں

لالو کو جو روتے دیکھا
پوچھا ”بیٹا کس نے مارا

آجا میری گود میں آجا
میرا بنّا، میرا راجا“

© NCERT not to be republished



امّاں آئیں، آپا آئیں  
روٹی اور مٹھائی لائیں

لالو کو گودی میں اُٹھایا  
پیار کیا، چھاتی سے لگایا

آپا بولیں ”چُپ ہو جاؤ  
روٹی اور مٹھائی کھاؤ“

پھر بھابی نے اُن کو بلایا  
گیت سُنا کر دِل بہلایا

نہلا کر کپڑے پہنائے  
اچّھے اچّھے کھانے کھلائے

لالو ہیں اِن سب کے پیارے  
ہیں وہ سب کی آنکھ کے تارے

(برکت علی فراق)

(صرف پڑھنے کے لیے)



© NCERT not to be republished